F.6-4 (Edit)/2024 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education

Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:29/06/2024

قومی اردو کونسل اور بہار کے سرکاری اداروں کے مابین ادارہ جاتی اشتراک وقت کی اہم ضرورت: عامر سبحانی

قومی اردو کونسل کے زیر اہتمام 'اردو زبان کا فروغ اور امکانات' کے عنوان سے بہار میں دانشوروں اور افسران کے ساتھ میٹنگ

پٹنہ/نئی دہلی: قومی اردو کونسل، نئی دہلی کے زیر اہتمام غلام سرور ہال، حج بھون، پٹنہ میں 'اردو زبان کا فروغ اور امکانات' کے عنوان سے حکومتِ بہار کے افسران اور اربابِ علم و دانش کے ساتھ ایک اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت بہار سرکار کے سابق چیف سکریٹری اور بہار الیکٹری سیٹی ریگولیٹری کمیشن (Bihar Electricity Regulatory Commission) کے چیئرمین جناب عامر سبحانی نے کی۔ اس موقعے پر قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شمس اقبال نے میٹنگ کی غرض و غایت کے حوالے سے بتایا کہ قومی اردو کونسل ہندوستان کا سب سے بڑا اردو کا ادارہ ہے اور ہندوستان کے طول و عرض میں اردو زبان کی ترویج و اشاعت کے لیے پابند عہد بھی ہے۔ کونسل اپنے دائرے کو وسیع سے وسیع تر کرنے کے لیے نئے امکانات اور مقامات کی تلاش کر رہی ہے۔ حکومت بہار کے زیر اہتمام چلنے والے مائناریٹی ہاسٹل میں لائبریری کا قیام، اردو کے مراکز کو مضبوط کرنا، بہار مدرسہ بورڈ کے مدارس میں معاون اور درسی کتابوں کو بہتر بنانا اور مختلف اضلاع میں قومی اردو کونسل کی اسکیموں کے دائرہ کو وسیع کرنا اس میٹنگ کے مقاصد میں شامل ہے۔

صدرِ مجلس جناب عامر سبحانی نے اپنے صدارتی کلمات میں کونسل کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ قومی اردو کونسل اور بہار کے سرکاری اداروں کے مابین MOU سائن کرنے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ کتاب کلچر کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جناب محمد سہیل (سکریٹری، مائناریٹی ویلفیئر ڈپارٹمنٹ) نے کہا کہ اردو طلبا کے لیے اسکل ڈیولپمنٹ کورس وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس پر خاص توجہ دی جائے تو طلبا کے کیریئر اور مستقبل سازی میں بہت مدد ملے گی۔ ڈاکٹر امیر آفاق فیضی (ایڈیشنل سکریٹری کم ڈائرکٹر، مائناریٹی ویلفیئر ڈپارٹمنٹ) نے مدارس کے حوالے سے کہا کہ ہم ہر چالیس مدرسے پر ایک تعلیم بالغان سینٹر چلا رہے ہیں۔ اگر کونسل کا اشتراک ہو جائے تو اس دائرے کو ہم مزید وسیع کر سکتے ہیں۔ جناب ارشد فیروز (چیئرمین گورنمنٹ اردو لائبریری) نے کتابوں کی فروخت کے تعلق سے بتایا کہ ہم نے کثیر تعداد میں گورنمنٹ اردو لائبریری کے لیے کتابوں کا آرڈر کیا ہے۔ مزید لائبریریاں بھی ہم سے رابطے میں ہیں۔ ہماری کوشش ہوگی کہ اردو کتابوں کا زیادہ سے زیادہ فروغ ہو۔ پروفیسر اعجاز علی ارشد (سابق وائس چانسلر، مولانا مظہر الحق عربی و فارسی یونیورسٹی، پٹنہ) نے کہا کہ قومی اردو کونسل جن اداروں کو مالی امداد دیتی ہے ان کے پروگراموں میں نئی نسل کی نمائندگی ہونی چاہیے۔ ڈاکٹر محمد نور اسلام (سی او ای، مدرسہ بورڈ) نے درسی کتابوں کی فراہمی میں دشواریوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ قومی اردو کونسل اس سلسلے میں تعاون کرے تو ہم ان دقتوں کو دور کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر انعام ظفر (ڈیولپمنٹ آفیسر ایم ایچ اے اینڈ پی یو) نے نئی نسل کو مواقع فراہم کیے جانے پر زور دیا۔ جناب افضل عباس (چیئرمین شیعہ وقف بورڈ)، جناب عظیم اللہ انصاری (او ایس ڈی، مائناریٹی ویلفیئر ڈپارٹمنٹ)، جناب

ابرار احمد خان (سکریٹری، بہار اردو اکیڈمی) وغیرہ نے بھی اس موقعے پر اظہارِ خیال کیا۔

تمام شرکا نے قومی اردو کونسل کی کارکردگی اور عزائم پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے حکومتِ بہار کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اخیر میں قومی اردو کونسل کے ریسرچ آفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ نے سبھی شرکا کا شکریہ ادا کیا۔

(رابطہ عامہ سیل)

تصویری کیپشن: کرسیِ صدارت پر جناب عامر سبحانی، دائیں سے ڈاکٹر شمس اقبال، ڈاکٹر کلیم اللہ، پروفیسر اعجاز علی ارشد، جناب ارشد فیروز، جناب عظیم اللہ انصاری، بائیں سے جناب محمد سہیل، ڈاکٹر امیر آفاق فیضی، جناب محمد ابرار اور ڈاکٹر محمد نور اسلام۔